اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ صحیح سمجھ عطا فرمائے اور صحابہ وسلفِ صالحین کی باادب محبت نصیب فرمائے۔ (مبصر: مولوی اخلاق احمد)

● **کتاب: امام ابوحنیفہ پر اعتراضات کا علمی جائزہ　　مرتب: مولانا سعید الحق جدون**

**ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ　　صفحات: ۶۴　　قیمت: درج نہیں**

علمی کمالات، عقل وفراست، فہم وفقاہت، ذہانت وفطانت، رائے وتدبیر، مجتہدانہ بصیرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مشہور اوصاف ہیں۔ امام صاحب نے ایسے عجیب مسائل حل کیے ہیں جس پر اُس دور کے بڑے بڑے ائمہ حیران رہ جاتے اور ان کے غیر معمولی حافظہ اور ذکاوت وذہانت کے مداح بن جاتے۔ یہی وجہ ہے کہ آج اکثر اسلامی ممالک میں حنفی مسلک کے لوگ زیادہ تعداد میں ہیں۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جس قدر امام صاحب مذکورہ اوصاف کے مالک ہیں اور جس قدر امام صاحب کے معتقدین ومقلدین کی تعداد ہے اسی قدر امام صاحب کے حاسدین اور مبغضین بھی ہیں اور وہ اپنی کم عقلی اور نادانی کی وجہ سے امام صاحب پر بے جا اعتراض کرتے ہیں۔ عربی کا مقولہ ہے

لَا یُرمیٰ شَجَرٌ اِلَّا ذُوْ ثَمَرٍ

''پھل دار درخت کو ہی پتھر مارے جاتے ہیں''

ان بے جا اعتراضات پر مولانا سعید الحق جدون نے اپنے شیخ اور استاذ مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب کے افادات کو یکجا کر کے ایک کتابچے کی شکل دی ہے اور اس کو ''امام ابوحنیفہ پر اعتراضات کا علمی جائزہ'' کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اس کتاب میں موصوف نے امام ابوحنیفہ کے مختصراً حالات زندگی اور کبار ائمہ فقہاء کے امام صاحب کی شان میں اقوال کو بھی پیش کیا ہے تاکہ حاسدین ومعترضین بے جا امام صاحب کی شخصیت کے متعلق اول فول نکالنے سے پہلے کبار ائمہ کا امام صاحب کے متعلق خراجِ عقیدت سامنے رکھیں۔ بہرحال مصنف کی مساعی کو اللہ تعالیٰ قبولیت سے سرفراز فرمائیں۔　　(مبصر: مولوی اخلاق احمد)

☆☆☆

ماہانہ مجلس ذکرواصلاحی بیان

27 فروری 2014ء
جمعرات بعد نمازِ مغرب

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان

ابن امیر شریعت
حضرت پیرجی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی آخری جمعرات کو بعد نمازِ مغرب مجلسِ ذکرواصلاحی بیان ہوتا ہے

الداعی　سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961